يكون في آخر أمتي خليفة يحثي المال حثيا ولا يعده عدا — مسلم شريف

كيف أنتم إذا نزل ابن مريم فيكم وإمامكم منكم — متفق عليه

اسلام میں امام مہدی رضی اللہ عنہ کا تصور

امام مہدی سے متعلق اہل سنت والجماعت کا عقیدہ، نام و نسب، سیرت و حلیہ، علامات

ظہور مہدی، صحیحین میں امام مہدی سے متعلق احادیث و اتفاقی تناظر میں،

منکرین و مدعیان مہدویت، اکابر علماء کی آراء و فتاویٰ

از افادات

حضرت مولانا پروفیسر محمد یوسف خان صاحب مدظلہ

استاذ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور

مؤلف

مولانا حافظ محمد ظفر اقبال

فاضل جامعہ اشرفیہ

بیت العلوم

۲۰۔ نابھہ روڈ، پرانی انارکلی لاہور۔ فون [illegible]

نام کتاب: اسلام میں امام مہدی علیہ السلام کا تصور
مؤلف: حافظ محمد ظفر اقبال (فاضل جامعہ اشرفیہ لاہور)
افادات: پروفیسر مولانا محمد یوسف خان صاحب
(استاذ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور)
باہتمام: محمد ناظم اشرف
ناشر: بیت العلوم ۲۰ نابھہ روڈ، چوک پرانی انارکلی، لاہور
فون: ۰۴۲-۷۳۵۲۴۸۳

﴾ملنے کے پتے﴿

بیت العلوم = ۲۰ نابھہ روڈ، پرانی انارکلی، لاہور
ادارہ اسلامیات = ۱۹۰ انارکلی، لاہور
ادارہ اسلامیات = موہن روڈ چوک اردو بازار کراچی
دار الاشاعت = اردو بازار کراچی نمبر ۱
بیت القرآن = اردو بازار کراچی نمبر ۱
بیت الکتب = گلشن اقبال، کراچی
ادارۃ المعارف = ڈاک خانہ دار العلوم کورنگی کراچی نمبر ۱۴
مکتبہ دار العلوم = جامعہ دار العلوم کورنگی کراچی نمبر ۱۴
مکتبہ سید احمد شہید = الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور
مکتبہ رحمانیہ = غزنی سٹریٹ، اردو بازار لاہور

محدثین کرام نے اس حدیث کا مصداق امام مہدیؓ کو قرار دیا ہے۔ نیز یہ کہ اگر امام مہدیؓ کا ظہور برحق نہ ہوتا تو حضرت عمرؓ فوراً حضرت علیؓ کی اس بات کا انکار کر دیتے۔ لیکن ان کا انکار منقول نہیں، معلوم ہوا کہ امام مہدیؓ کا ظہور برحق ہے۔

(۲) ﴿حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

امام مہدیؓ، اولاد عباسؓ میں سے؟

﴿عن عثمان بن عفان قال سمعت النبی ﷺ یقول المهدی من ولد العباس عمی﴾ (کتاب البرہان: ج۲ص۵۹۱)

''حضرت عثمان غنیؓ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ مہدی، میرے چچا عباس کی اولاد میں سے ہوں گے۔''

اس حدیث پر بظاہر یہ اشکال وارد ہوتا ہے کہ امام مہدیؓ تو حضرت فاطمہؓ کی اولاد میں سے ہوں گے اور اس روایت میں حضرت عباسؓ کی اولاد میں سے ہونے کا تذکرہ ہے؟ اس کا جواب اسی رسالے کے باب دوم میں گزر چکا ہے۔ وہاں ملاحظہ فرمائیں:

(۳) ﴿حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

خلافت کے لیے امام مہدیؓ کو تیار کرنا:

﴿عن علی قال قال رسول اللہ ﷺ المهدی منکم اهل البیت یصلحه اللّٰه فی لیلة﴾ (مسند ابی یعلی الموصلی: ج۱ص۳۵۹)

''حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ مہدی تم (میرے) اہل بیت میں سے ہوگا جس کی اصلاح اللہ تعالیٰ ایک ہی رات میں کردیں گے۔''